سوال نمبر: 4816:   منجانب:-   محترمہ آمنہ سردار صاحبہ، رُکن صوبائی اسمبلی

نمبر شمار	سوال	جواب
	کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ	
(ا)	آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے تمام سکولوں کو گرمیوں میں طویل تعطیلات دی جاتی ہیں؟	(الف)۔ جی نہیں!
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو کب سے کب تک گرمی کی چھٹیاں دی جاتی ہیں نیز سرد علاقوں میں سردیوں کی طویل تعطیلات دی جاتی ہیں اگر نہیں تو وجہ بتائی جائے۔ کیونکہ ان علاقوں میں تین سے چار ماہ برف پڑتی ہے۔ اور آمد ورفت نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے۔	(ب)۔ صوبے کے گرمائی علاقوں میں موسم گرما کی چھٹیاں 15 جون سے 31 اگست تک جبکہ سرمائی علاقوں میں گرمی کی چھٹیاں یکم جولائی سے 31 جولائی تک ہوتی ہیں۔ اسی طرح موسم سرما میں سرمائی علاقوں میں سردی کی چھٹیاں 25 دسمبر سے 28 فروری تک جبکہ گرمائی علاقوں میں سردی کی چھٹیاں 25 دسمبر سے 31 دسمبر تک ہوتی ہیں۔